برطانیہ میں
حزب التحریر کا
میڈیا آفس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل، 05 رجب، 1436ھ | 12/04/2016 | نمبر: 1437 AH/03

پریس ریلیز

برطانیہ میں حزب التحریر کے وفد نے خلافت کے داعیوں کے اغوا اور ان پر تشدد کے خلاف احتجاج کے لیے پاکستانی سفارت خانے کا دورہ کیا

جمعہ 8 اپریل 2016 کو حزب التحریر برطانیہ کی پاکستان کمیٹی کے ایک وفد، جس میں آصف صلاح الدین، ماجد حسین، رضوان احمد اور حمزہ احمد شامل تھے، نے پاکستان میں حکومت پاکستان کی جانب سے جھوٹے الزامات کے تحت گرفتار اور اغوا کیے گئے حزب التحریر کے ممبران کے ناموں پر مشتمل فہرست ایک بیان کے ساتھ لندن میں پاکستانی سفارت خانے کے حوالے کی جس کا عنوان تھا: " حزب التحریر کے خلاف ظلم و ستم ختم کرو، انصاف پسند لوگوں کو خلافت کے داعیوں کے حق میں اپنی آواز بلند کرنی چاہیے"، اس بیان کو ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کے میڈیا آفس نے جاری کیا تھا۔

پاکستان میں اغوا اور گرفتار کیے گئے کئی داعیوں کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا ہے، جیسے نیند سے محروم رکھنا، مار پیٹ، ایسی دوائیں کھانے پر مجبور کرنا جس سے انسان ہوش و حواس کھو بیٹھے اور سیکیورٹی اہلکاروں کے ہاتھوں بجلی کے جھٹکے تک دیئے گئے ہیں۔ حکومتی عہدہ داروں نے بار بار قیدیوں کو انتہائی ضروری طبی علاج معالجے اور گھر والوں سے ملاقات سے محروم رکھا ہے۔ اسی طرح حکومتی عہدہ داروں نے قیدیوں اور مغویوں کے گھر والوں اور دوستوں کو دھمکیاں دی ہیں۔

حزب التحریر پاکستان کے مخلص مسلمانوں خاص کر عدلیہ، قانون، انسانی حقوق اور سیکیورٹی اداروں سے منسلک لوگوں سے مخاطب ہے کہ نبوت کے طرز پر خلافت کے قیام کی کوشش کرنے والے ان مخلص داعیوں پر ظلم کا خاتمہ کرنے اور ان کی رہائی میں اپنا کردار ادا کریں۔

تاجی مصطفی

برطانیہ میں حزب التحریر کے میڈیا نمائندے

ٹیلیفون/فیکس: +44 (0) 7074 192400
ویب سائٹ: www.hizb.org.uk
ای میل: media@hizb-ut-tahrir.info / press@hizb.org.uk

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info